# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 14 August 2026**

**Time : 06:40 PM**

### Opening

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل قادری

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

### ہیڈلائنز

✓ ۱ ----- قوم کل حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ شایانِ شان طریقے پر منا رہا ہے **80** واں یوم آزادی۔

✓ ۲ ----- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام **7** بجے قوم سے کریں گی خطاب// جموں وکشمیر میں بھی جشن آزادی منانے کیلئے تمام تیاریاں مکمل

✓ ۳ ----- آج منایا جارہا ہے ملک کی تقسیم کی ہولناکی کی یاد کا دن// لیفٹیننٹ گورنر نے اس واقعے کا درد سہنے والے اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو کیا خراج عقیدت ادا

اور

✓ ۴ ----- وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر کے تمام علاقوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کا دہرایا عزم۔

دلی تقریب

قوم کل حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ شایانِ شان طریقے پر اپنا 80 واں یوم آزادی منا رہی ہے ۔ اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب دلی کے تاریخی لال قلعے پر منعقد ہوگی جہاں وزیر اعظم نریندر مودی قومی ترنگا پھیرائیں گے اور لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کریں گے ۔

وزیر اعظم نریندر مودی وندے ماترم کے 150 برس مکمل ہونے اور ترقی یافتہ بھارت 2047@ کیلئے نوجوانوں کی قوت کے موضوع پر منعقد ہونے والی تقریبات کی قیادت کریں گے ۔ یوم آزادی کی تقریبات کے حصے کے طور پر پہلی بار وندے ماترم بھی پیش ہونے جارہا ہے ۔

دریں اثناء ملک بھر میں یوم آزادی تقریبات احسن طریقے پر منانے کیلئے حفاظت سمیت تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں ۔

یوم آزادی تقریب

اِدھر جموں کشمیر میں بھی یوم آزادی کے سلسلے میں کل متعدد تقاریب کا اہتمام کیا جارہا ہے ۔ یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوگی جہاں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ قومی پرچم پھیرا کر پریڈ کا معائینہ کریں گے اور مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے ۔ جموں کے مولانا آزاد میموریل اسٹیڈیم میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری قومی پرچم پھیرائیں گے اور مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے ۔ اسی طرح کی تقاریب جموں وکشمیر کے تمام ضلعوں میں بھی منعقد ہوں گی، جن میں مہمانان خصوصی قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے ۔ ان تقاریب میں پولیس، نیم فوجی دستوں، فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کے علاوہ کئی دیگر محکموں کی ٹکڑیاں اور اسکولی بچے شرکت کریں گے ۔ تقاریب کے دوران رنگارنگ تمدنی پروگرام میں پیش کئے جائیں گے ۔ یوٹی بھر میں یوم آزادی کی تقریبات احسن طریقے پر منانے کیلئے سلامتی سمیت تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں ۔

صدر خطاب

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو یوم آزادی کے موقعے پر آج شام سات بجے قوم سے خطاب کریں گی ۔ اُن کے خطاب کو آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک سے پہلے ہندی اور بعد میں انگریزی میں نشر اور ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا ۔ صدر جمہوریہ کے خطاب کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ آکاشوانی سے رات ساڑھے 9 بجے نشر کیا جائے گا ۔

ایل جی پیغام

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے یوم آزادی کے موقعے پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے۔ایک پیغام میں انہوں نے جدوجہد آزادی کے تمام لیڈروں، مجاہدین آزادی اور شہیدوں کو خراج عقیدت ادا کیا ہے۔انہوں نے ملک کی یکجہتی اور سالمیت کیلئے بے مثال کام کرنے والے مصلح افواج، نیم فوجی دستوں، جموں وکشمیر پولیس اور دیگر ایجنسیوں کا شکریہ ادا کیا۔اپنے پیغام میں ایل جی نے کہا کہ جموں وکشمیر نے پچھلے چند برسوں کے دوران ہر ایک شعبے میں ترقی حاصل کی۔انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ امن اور ترقی کے عمل کو دوام بخشنے میں اپنا رول ادا کریں۔

ایل جی مبارکباد

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں وکشمیر پولیس کے ان بہادر اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے جنہیں غیر معمولی خدمات کے لئے پریذیڈنٹ میڈل اور گیلنٹری ایوارڈس سے نوازا گیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پیغام میں ایل جی نے کہا ہے کہ قوم کو ایسے بہادر جوانوں کی قربانیوں اور ہمت پر ناز ہے۔ایل جی نے نمایاں خدمات کیلئے میڈل حاصل کرنے پر ہوم گارڈس اور سیول ڈیفنس کو مبارکباد دی ہے۔

عزت افزائی

ادھر ضلع انتظامیہ سرینگر نے یوم آزادی کی تقریبات کے جشن کے ایک حصے کے طور پر کارہائے نمایاں انجام دینے والے کئی سول اور پولیس افسروں کی عزت افزائی کی ہے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو، ایس ایم سی کے کمشنر فضل الحسیب اور ایس ایس پی سرینگر سندیپ چکرورتی موجود تھے، جنہوں نے عوامی خدمت میں نمایاں خدمات انجام دینے والے متعلقہ افسروں کو توصیفی اسناد اور میمنٹوز سے نوازا۔

ہولناکی دن

آج ملک کی تقسیم کی ہولناکی کی یاد کا دن ہے۔آج ان سبھی لوگوں کو خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے،جنہوں نے **1947** میں ملک کی تقسیم کے دوران ناقابل تصور دُکھ اور تکلیف کا سامنا کیا اور اپنی جانیں قربان کردیں۔وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے اُن سبھی لوگوں کو خراج عقیدت پیش کیا،جنہوں نے ملک کی تقسیم کے دوران اپنی جانیں قربان کی تھیں اور جنہوں نے ملک کی تقسیم کی ہولناکی کی یاد کے دن کے موقعے پر ظلم وستم کے خلاف جہد و جہد کی تھی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے ملک کی تقسیم کو تاریخ میں ایک ایسا لمحہ قرار دیا،جس میں بہت سی جانیں قربان ہوئیں، جہاں بہت سے کنبے اجڑ گئے،لوگوں کو عزیز واقارب کی جانیں گئیں اور زبردست تکالیف اور مصیبت کا سامنا کیا۔انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ یہ دن ملک میں ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے تحفظ کیلئے ہر ایک کے عزم کو مزید گہرا کرتا ہے اور وکست بھارت کی تعمیر کیلئے اجتماعی جدو جہد کی تحریک دیتا ہے۔

••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••

ایل جی ٹیگور ہال

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ملک کے بٹوارے کے دوران اپنی جانوں کی قربانی دینے اور اس واقعے کا درد سہنے والے تمام افراد کو عقیدت کا خراج پیش کیا۔اس دن کی مناسبت سے آج ٹیگور ہال سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ ہم سب کو ایک مضبوط اور ترقی یافتہ بھارت وجود میں لانے کیلئے اپنے آپ کو وقف کرنا چاہئے۔

انہوں نے سماج کے سبھی طبقوں پر زور دیا کہ وہ یکجہتی،امن،قومی اتحاد جیسے اقدار کو تقویت بخشنے کیلئے کام کریں۔ایل جی نے نوجوانوں، کسانوں، کامگاروں اور خواتین پر زور دیا کہ وہ عزم اور ہمت کے ساتھ کام کرکے موجودہ وقت کو ترقی اور امن واماں کو دوام بخشنے کیلئے بروئے کار لائیں۔

**.....Byte LG.....**

اس موقعے پر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی، چیف سکریٹری اٹل ڈلو اور مختلف محکموں کے کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

ہر گھر ترنگا

جموں وکشمیر میں ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سرگرمیاں شد ومد سے جاری ہیں۔

----**Music**------

**17** اگست تک جاری رہنے والی اس مہم کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں ترنگا ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا جارہا ہے جن کا مقصد حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے کے ساتھ ملک کی جدوجہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنا ہے۔اس سال ہر گھر ترنگ مہم کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ اس سال وندے ماترم کے **150** سال مکمل ہورہے ہیں۔

جموں ریلی

جموں انتظامیہ کی طرف سے آج یوم آزادی تقریبات کے تحت ایک بڑی ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا۔یہ ریلی گلشن گراؤنڈ جموں سے شروع ہوکر توی پُل سے ہوتے ہوئے شری مہاراجہ ہری سنگھ جی پارک میں اختتام پذیر ہوئی۔ریلی میں ممبر پارلیمنٹ جگل کشور شرما، ارکان قانون سازیہ وکرم رندھاوا، **دیویانی رانا، صوبائی کمشنر جموں رمیش کمار، آئی جی پی جموں بھیم سین توتی اور** دیگر اعلیٰ افسروں نیز کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES

اوٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

سی ایم

سرینگر میں آج متعدد اہم شخصیات وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقی ہوئیں، جن میں ایم ایل اے اکھنور موہن لال بھگت، ایم ایل اے اندروال پیارے لال شرما اور دیگر اہم شخصیات شامل ہیں ۔ ان ارکان نے اپنے اپنے حلقوں میں عوامی نوعیت کے معاملات اور ترقیاتی ضروریات کو وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لایا۔ وزیر اعلیٰ نے اُن کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت جموں وکشمیر کے تمام علاقوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کی معیار حیات میں بہتری لانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

اسی دوران محکمہ اطلاعات کی کمشنر سیکریٹری **R. Alice Vaz** نے بھی وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں آئندہ ماہ منعقد ہونے والے انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں وکشمیر کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کے بارے میں جانکاری دی ۔

فلوریکلچر

دریں اثناء فلوریکلچر محکمہ کے کمشنر سیکریٹری زبیر احمد نے بھی وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی اور متعلقہ محکمے سے متعلق امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعلیٰ عزت افزائی

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں فلوریکلچر محکمہ کی طرف سے ٹولپ شو اور بادام واری سپرنگ فیسٹیول کے دوران منعقد کئے گئے مختلف مقابلے جیتنے والوں کی عزت افزائی کی۔ ان میں زیادہ تر مختلف سرکاری اسکولوں کے طلباء شامل تھے ۔ وزیر اعلیٰ نے انہیں نقد انعامات اور سرٹیفکیٹس عطا کئے ۔ وزیر اعلیٰ نے جیتنے والوں کی تخلیقیت اور منفرد صلاحیتوں کی ستائش کی ۔

ہارٹیکلچر

ہارٹیکلچر محکمہ نے وادی میں سیب کا سیزن شروع ہونے کے تناظر میں باغ مالکان کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں کسانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ وقت سے پہلے میوہ نہ اتاریں، ایتھینول جیسے کلرنگ ایجنٹ استعمال نہ کریں، ادویات کا غیر ضروری استعمال نہ کریں اور باغات کے رکھ رکھاؤ کیلئے سائنسی طور طریقے بروئے کار لائیں۔

اکیڈمی ایوارڈس

جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے تین فنکاروں رومالو رام، سیما انل سہگل اور مکھن لال صراف کو سال 2025 کے سنگیت ناٹک اکیڈمی ایوارڈس سے سرفراز کیا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے انہیں نئی دلی میں ایک تقریب کے دوران یہ ایوارڈ عطا کئے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ان فنکاروں کو ایوارڈ حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے۔

---------------------------------------